
مرتّبہ
خلیق انجم



غالب کے خطوط

جلد ۵

غالبؔ کے خطوط

خطوطِ غالب کی تاریخ وار فہرست

(جلد ۵)

غالب کے خطوط

خطوطِ غالب کی تاریخ وار فہرست

(جلد۵)

مرتب:

خلیق انجم

غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی

GHALIB KE KHUTOOT
BY :
Khaliq Anjum

I.S.B.N. 81-8172-037-7

بہ اہتمام	:	شاہد ماہلی
اشاعت	:	۲۰۱۰ء
مطبوعہ	:	اصیلا آفسیٹ پرنٹرس، نئی دہلی

غالب انسٹی ٹیوٹ،
ایوانِ غالب مارگ، نئی دہلی ۔ ۲
www.ghalibinstitute.com-- E-mail: ghalib@vsnl.net

فہرست

پیش لفظ

ڈاکٹر خلیق انجم اردو کے مشہور محقق اور دانشور ہیں۔ تقریباً پچاس کتابوں کے مصنف، مرتب اور مترجم ہیں۔ مولانا امتیاز علی خاں عرشی، قاضی عبدالودود اور مالک رام کے بعد ہندو پاک میں جن حضرات نے غالب پر اعلادرجے کی تحقیق کی ہے۔ ان میں ڈاکٹر خلیق انجم ممتاز ترین حیثیت رکھتے ہیں۔ اسی لیے اُن کا شمار ماہرینِ غالب میں ہوتا ہے۔ ڈاکٹر صاحب موصوف نے ہندوستان کے آثارِ قدیمہ پر بھی گراں قدر کام کیا ہے۔ اس موضوع پر ان کی کئی اہم کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔

غالب پر ان کی پہلی کتاب "غالب کی نادر تحریریں" تھی۔ اس کے بعد انھوں نے "غالب اور شاہانِ تیموریہ" اور "غالب کچھ مضامین" وغیرہ شائع کیں۔ انھوں نے غالب کی شخصیت اور فن کے مختلف پہلوؤں پر کثیر تعداد میں مضامین لکھے ہیں۔ غالب پر اُن کا سب سے اہم، وقیع اور قابلِ قدر کام "غالب کے خطوط" (چار جلدوں میں) ہے، جسے غالب انسٹی ٹیوٹ نے شائع کیا ہے۔ ان خطوط کے اب تک تین اڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ پاکستان میں یہ چاروں جلدیں انجمن ترقی اُردو (پاکستان) نے شائع کی ہیں اور تقریباً ہر سال دو سال بعد اِن کا نیا اڈیشن شائع ہوتا رہتا ہے۔

"غالب کے خطوط" کی یہ پانچویں جلد پچھلی چار جلدوں میں شائع ہونے والے خطوط کا ضمیمہ ہے، جس میں غالب کے تمام اردو خطوط کی تاریخ وار فہرست مرتب کی گئی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ یہ فہرست غالب پر کام کرنے والے محققین کے لیے بے حد مفید ثابت ہوگی۔

مجھے امید ہے کہ ڈاکٹر خلیق انجم غالب پر مزید تحقیقات کا سلسلہ جاری رکھیں گے اور غالبیات میں اہم اور بیش بہا اضافے کرتے رہیں گے۔

سید مظفر حسین برنی

چیئرمین
پبلی کیشن کمیٹی
غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی

حرفِ آغاز

غالب کے تمام اردو خطوط مرتب کر کے شائع کرنے کا منصوبہ میں نے ۱۹۷۲ء میں بنایا تھا۔ ابھی میں نے اس پراجیکٹ پر کام شروع ہی کیا تھا کہ گجرال کمیٹی کی رپورٹ لکھنے کے لیے وزارت تعلیم میں ڈائرکٹر کی حیثیت سے میرا تقرر ہو گیا۔ اس طرح کچھ عرصے کے لیے خطوط کا کام التوا میں پڑ گیا۔ رفتہ رفتہ جب گجرال کمیٹی کی رپورٹ کی تیاری کے کام کا بوجھ کچھ ہلکا ہونا شروع ہوا اور مصروفیات قدرے کم ہوئیں تو میں نے دوبارہ متن کی ترتیب شروع کی اور وہ خطوط مرتب کر لیے، جن کے متن "عودِ ہندی" اور "اردوئے معلّٰی" کے پہلے اڈیشنوں پر مبنی تھے۔ یہ کام تسلّی بخش رفتار کے ساتھ چل رہا تھا کہ انجمن ترقی اردو (ہند) کے جنرل سکریٹری کی حیثیت سے میرا تقرر ہو گیا۔

انجمن کی گوناگوں مصروفیات کے سبب متن کا کام ایک بار پھر رک گیا۔ انجمن جیسی کل ہند تنظیم کے معاملات و مسائل کو سمجھنے اور اس میں اپنی کارکردگی کو موثر اور بامعنی بنانے کے لیے مجھے اپنے لیے ایک واضح لائحہ عمل تیار کرنا تھا۔ اس کام میں کچھ وقت تو لگنا ہی تھا۔ بہر حال جب اس کام سے کچھ فراغت ہوئی تو ۱۹۷۷ء میں خطوط کی ترتیب کا کام پھر شروع ہوا۔ غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی سے "غالب کے خطوط" کی پہلی جلد ۱۹۸۴ء میں دوسری ۱۹۸۵ء میں، ۱۹۸۷ء میں تیسری اور ۱۹۹۳ء میں چوتھی جلد شائع ہوئی۔ اس طرح ان خطوط کی ترتیب پر مجھے سترہ اٹھارہ سال کام کرنا پڑا۔

اگرچہ میں نے خطوط غالب کا یہ تنقیدی اڈیشن تیار کرنے میں اپنی بری بھلی تمام صلاحیتوں کا استعمال کیا ہے۔ لیکن پھر بھی میں اس کام سے پوری طرح مطمئن نہیں ہوں۔ آٹھ دس سال قبل لاہور میں پینل انٹرویو کے دوران ایک صحافی نے مجھ سے سوال کیا تھا کہ اگر خدا آپ کو ایکِ زندگی اور دے تو آپ کیا کام کرنا پسند کریں گے۔ میں نے بے ساختہ جواب دیا تھا کہ غالب کے اردو خطوط دوبارہ مرتب کروں گا۔ یہ محض رسمی سی باتِ نہیں تھی، بلکہ میری دلی آرزو تھی۔ اب زندگی اس کی اجازت تو نہیں دے رہی کہ غالب کے خطوط نئے سرے سے مرتب کروں، اس لیے موجودہ تنقیدی اڈیشن میں جو کمی رہ گئی ہے، اُسے ہی حتی الامکان پورا کرنے کی کوشش کر رہا ہوں۔ "غالب کے خطوط" کی زیرِ نظر پانچویں جلد اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

خطوط مرتب کرنے کے دو طریقے ہیں۔ ایک طریقہ تو یہ ہے کہ ہر مکتوب الیہ کے نام کے تمام خطوط یکجا کر کے تاریخ وار مرتب کر دیے جائیں اور دوسرا طریقہ یہ کہ تمام خطوط بحیثیت مجموعی تاریخ وار ترتیب دیے جائیں۔ میں نے غالب کے خطوط پہلے قاعدے کے تحت اس طرح مرتب کیے ہیں کہ ہر مکتوب الیہ کے نام کے تمام خطوط یکجا کر کے انھیں تاریخ وار مرتب کر دیا ہے۔ میرے محترم جناب سید مظفر حسین برنی نے علامہ اقبالؔ کے خطوط چار جلدوں میں مذکورہ بالا دوسرے قاعدے کے تحت تاریخ وار مرتب کیے ہیں۔ پہلے قاعدے کے مطابق خطوط مرتب کرنے کا یہ فائدہ ہے کہ ہر مکتوب الیہ کے نام تمام خطوط یکجا مل جاتے ہیں۔ لیکن اس قاعدے سے یہ مشکل پیش آتی ہے کہ ہمیں یہ علم نہیں ہو پاتا کہ مکتوب نگار نے کسی خاص تاریخ کو کس کس کو خط لکھے اور کسی خاص واقعے کے بارے میں کس کو کیا کیا لکھا۔ دوسرے قاعدے کے مطابق خطوط مرتب کرنے میں پریشانی یہ ہے کہ اگر غالب کا کوئی محقق کسی ایک مکتوب الیہ کے نام تمام خطوط کا ایک ساتھ مطالعہ کرنا چاہتا ہے تو اُسے خطوط کی تمام جلدوں کی چھان بین کرنی پڑتی ہے، جو خاصا وقت طلب کام ہے۔ میں نے اس کے لیے ایک درمیانی راستہ نکالا ہے۔ غالب کے تمام خطوط تو میں اس طرح مرتب کر چکا تھا کہ ایک مکتوب الیہ کے نام غالب کے تمام خطوط یکجا ہو جائیں۔ اب میں نے خطوطِ غالب کی چاروں جلدوں میں شامل غالب کے تمام خطوط کی تاریخ وار فہرست مرتب کی ہے۔ اس فہرست سے ایک ہی نظر میں یہ پتا چل سکتا ہے کہ کسی ایک مخصوص دن غالب نے کس کس کو خط لکھے۔ اس فہرست کی تیاری کے دوران اہم انکشافات ہوئے، جن کا میں یہاں ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ غالب کے تمام دستیاب خطوط "غالب کے خطوط" کی چار جلدوں میں شامل ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ غالب کے تمام خطوط نہیں ہیں۔ غالب جس تعداد میں دوستوں، عزیزوں اور شاگردوں کو خطوط لکھتے تھے، اُس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ہمیں اُن کے جتنے خطوط ملے ہیں، اُن سے کہیں زیادہ خطوط ضائع ہو گئے ہوں گے۔ ان حالات میں بعض باتیں ایسی ہیں، جنہیں قطعیت کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا۔ پھر بھی دستیاب خطوط کی روشنی میں چند حقائق بیان کیے جا رہے ہیں۔

غالب کے اردو خطوط کی فہرست تاریخ وار مرتب کرنے سے ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ ہر سال لکھے گئے خطوط کی تعداد کے اعتبار سے یہ فہرست اس طرح ہوگی کہ غالب کا پہلا دستیاب خط ۱۸۴۷ء کا ہے، اس سال کا ہمیں صرف ایک خط ملا ہے۔ غالب نے اردو میں جو خطوط لکھے ہیں، ۱۸۴۷ء کے بعد اُن کی ہر سال تعداد بڑھتی گئی۔ ۱۸۴۸ء اور ۱۸۵۰ء میں چار چار خطوط ملتے ہیں۔ ۱۸۴۹ء کا کوئی خط نہیں ملا۔ ۱۸۵۶ء اور ۱۸۵۷ء کے نو نو خطوط ملے ہیں۔

۱۸۵۱ء اور ۱۸۵۲ء کے بارہ بارہ خطوط، ۱۸۵۴ء کے، بائیس، ۱۸۶۸ء کے اٹھائیس، ۱۸۵۳ء کے انتیس، ۱۸۵۵ء کے بیالیس، ۱۸۶۲ء کے چھیالیس، ۱۸۶۴ء کے پچاس، ۱۸۶۱ء کے ترپین، ۱۸۶۷ء کے چون، ۱۸۶۳ء کے پچپن، ۱۸۶۰ء کے ستاون، ۱۸۶۶ء کے اڑسٹھ، ۱۸۶۵ء کے اسّی اور ۱۸۵۹ء کے اکیاسی ۱۸۵۸ء کے ۱۰۸ خطوط ہیں۔ ۱۸۴۷ء کا صرف ایک اور ۱۸۵۸ء کے سب سے زیادہ خطوط یعنی ۱۰۸ ہیں۔

یہاں ایک بات عرض کرنی ضروری ہے کہ غالب کے فارسی خطوط جس اہمیت کے حامل ہیں۔ اس اعتبار سے غالب شناسوں نے غالب کے فارسی خطوط کی طرف وہ توجہ نہیں کی، جو غالب شناسی کے لیے ضروری ہے۔ "پنج آہنگ"، "نامہ ہائے فارسی"، "مجموعہ ڈھاکہ" اور متفرق خطوط کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ ان کا اردو میں ترجمہ ہونا ضروری ہے۔ لیکن ترجمے سے پہلے اُن کا تنقیدی اڈیشن تیار کیا جانا چاہیے۔ یہ کام جوئے شیر لانے سے کم نہیں۔ میں نے پنج آہنگ کے بیشتر فارسی خطوط کا اردو ترجمہ کر لیا تھا، لیکن بعد میں مجھے اندازہ ہوا کہ غالب کے بہت سے خطوط کا، جو ایک سے زیادہ مجموعوں میں ملتے ہیں۔ اُن کا متن ایک دوسرے سے بہت مختلف ہے۔ اس لیے میں نے فی الحال ترجمے کا کام ملتوی کر دیا ہے۔ اب میں مختلف کتابوں اور رسالوں میں بکھرے ہوئے غالب کے فارسی خطوط جمع کر رہا ہوں تاکہ ان کے متون کا تعین کر کے اُن کا اردو میں ترجمہ کروں۔

آخر میں اپنے عزیز ترین دوست ڈاکٹر اسلم پرویز کا شکریہ ضروری سمجھتا ہوں، جنھوں نے اس کتاب کی ترتیب کے سلسلے میں قیمتی مشوروں سے نوازا۔ میرے ساتھی عارف خاں، اختر زماں اور عارفہ خانم نے اس کتاب کی ترتیب میں میری مدد کی۔ میں ان تینوں کا بھی شکر گزار ہوں۔

میں غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی کی اشاعتی کمیٹی کے چیئرمین عزت مآب سید مظفر حسین برنی کا تہہِ دل سے ممنون ہوں، جو ہمیشہ میری حوصلہ افزائی فرماتے ہیں۔ یہ ان کی عنایت تھی کہ پبلی کیشن کمیٹی کے چیئرمین کی حیثیت سے انھوں نے غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی سے یہ کتاب شائع کرنے کی منظوری فرمائی۔ میرے برادرِ عزیز اور غالب انسٹی ٹیوٹ کے فعال ڈائرکٹر شاہد ماہلی ایک ممتاز شاعر، بہت اچھے منتظم ہیں، انھوں نے جدید انداز پر خوب صورت کتابیں شائع کرنے کے معاملے میں ایک مثال قائم کی ہے۔ غالب انسٹی ٹیوٹ کی مطبوعات ان کی اس سلیقہ مندی کا روشن ثبوت ہیں۔ میری اس کتاب کی طباعت میں انھوں نے جو ذاتی دل چسپی لی ہے، اُس کے لیے میں اُن کا تہہِ دل سے شکر گزار ہوں۔

غالب کے اردو خطوط کی تاریخ وار فہرست

یہ فہرست " غالب کے خطوط " مرتبہ خلیق انجم کی اُن چار جلدوں سے مرتب کی گئی ہے، جو غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی نے شائع کی تھی۔

ہر خط کے اندراج کی پہلی سطر میں خط کا نمبر، خط کی تاریخ اور مکتوب الیہ کا نام دیا گیا ہے۔ دوسری اور تیسری سطروں میں خط کے ابتدائی الفاظ دیے گئے ہیں۔ آخری سطر میں " غالب کے خطوط " مرتبہ خلیق انجم کی جلد نمبر اور صفحات دیے گئے ہیں۔ ۱:۵۰۶۔۵۰۷ سے مراد ہے۔ جلد نمبر ایک اور صفحات نمبر ۵۰۶ اور ۵۰۷

۱۸۴۷ء

۱: ۱۸۴۷ء۔ مرزا ہر گوپال تفتہ

صاحب! دوسرا پارسل، جس کو تم نے بہ تکلف خط بنا کر بھیجا ہے، پہنچا۔

۱: ۲۳۳۔۲۳۶

۱۸۴۸ء

۲: ۹ مارچ۔ منشی نبی بخش حقیر

صاحب بندہ! میاں نسیم اللہ یہاں آئے۔

۳: ۱۰۸۷

۳: مئی ۱۸۴۸ء۔ مرزا ہر گوپال تفتہ

آپ کا مہربانی نامہ پہنچا۔

جلد ۱: ۲۳۶۔۲۳۷

۴: یکشنبہ، ۴ جون۔ منشی نبی بخش حقیر

بندہ پرور! بہت دنوں سے میرا دھیان آپ میں لگا ہوا تھا۔

۳: ۱۰۸۷۔۱۰۹۰

۵: ۱۸۴۸ء۔ منشی جواہر سنگھ جوہر

برخوردار منشی جواہر سنگھ کو بعد دعائے دوام عمر و دولت معلوم ہو۔

۴: ۱۴۳۸

۱۸۵۰ء

۶: ۱۰جنوری ۔۔ منشی نبی بخش حقیر
شفیق میرے، منشی، کرم فرما میرے، عنایت گستر میرے!
۳:۱۰۹۰۔۱۰۹۱

۷: ۔۔ اگست ۱۸۵۰ء ۔۔ مرزا ہرگوپال تفتہ
بھائی! یہ مصرع جو تم کو بہم پہنچا ہے، فنِ تاریخ گوئی میں اس کو کرامت اور اعجاز کہتے ہیں۔
۱:۲۲۷۔۲۲۸

۸: اگست تا اکتوبر ۱۸۵۰ء ۔۔ منشی نبی بخش حقیر
بھائی صاحب! بندہ گنہگار حاضر ہوا ہے اور بندگی عرض کرتا ہے اور عفوِ تقصیر کا آرزو مند ہے۔
۳:۱۰۹۱۔۱۰۹۲

۹: ۔ ۱۸۵۰ء ۔۔ محمد زکریا خاں زکی
بندہ پرور! آپ کا عنایت نامہ پہنچا۔
۲:۸۲۱۔۸۲۳

۱۸۵۱ء

۱۰: پنجشنبہ۔ ۲جنوری۔ منشی نبی بخش حقیر
اپنے بھائی صاحب قبلہ کی خدمت میں بندگی عرض کرتا ہوں۔
۳:۱۰۹۲۔۱۰۹۴

۱۱: یکشنبہ ۲ مارچ۔ منشی نبی بخش حقیؔر
بھائی صاحب کو بندگی پہنچے۔
۳: ۱۰۹۴۔۱۰۹۵

۱۲: دوشنبہ، ۱۰ مارچ۔ منشی عبداللطیف
برخوردار نور چشم منشی عبداللطیف سلّمہ اللہ تعالیٰ۔ بعد دعاے دوام دولت وطول عمر معلوم کریں۔
۳: ۱۰۴۶

۱۳: جمعہ، ۲۸ مارچ۔ منشی نبی بخش حقیؔر
بھائی صاحب کو سلام پہنچے۔
۳: ۱۰۹۵۔۱۰۹۷

۱۴: اپریل تا جولائی۔ منشی نبی بخش حقیؔر
بھائی صاحب کو سلام اور منشی عبداللطیف اور نصیر الدین اور پیاری ذکیہ کو دعا پہنچے۔
۳: ۱۱۰۱۔۱۱۰۲

۱۵: اپریل تا جولائی۔ منشی نبی بخش حقیؔر
بھائی صاحب! تم کو مبارک ہو۔ نصیر الدین کا بیاہ اور عبدالسلام کا ختنہ
۳: ۱۱۰۰۔۱۱۰۱

۱۶: اپریل، مئی۔ منشی نبی بخش حقیؔر
بھائی صاحب! یہ عنایت نامہ بھی پایا اور جس کی مجھے فکر تھی، وہ بھی آیا۔
۳: ۱۰۹۷۔۱۱۰۰

۱۷: جولائی ۱۸۵۱ء۔ منشی نبی بخش حقیر
آداب بجالاتا ہوں۔ بہت دن سے آپ کا خط نہیں آیا۔
۳:۱۰۲۔۱۱۰۳

۱۸: سہ شنبہ، ۱۴ اگست۔ منشی نبی بخش حقیر
بھائی صاحب! آپ کا خط بہت دن کے بعد آیا۔
۳:۱۱۰۳۔۱۱۰۴

۱۹: شنبہ ۶ ستمبر۔ منشی نبی بخش حقیر
زکیہ اور عبدالسلام کا آنا مبارک ہو۔
۳:۱۱۰۴۔۱۱۰۷

۱۸۵۲ء

۲۰: یکشنبہ ۴ جنوری۔ مرزا ہر گوپال تفتہ
کیوں مہاراج، کول میں آنا اور منشی نبی بخش صاحب کے ساتھ غزل خوانی کرنی اور ہم کو یاد نہ لانا۔
۱:۲۳۹

۲۱: ستمبر ۱۸۵۱ء تا مارچ ۱۸۵۲ء۔ منشی نبی بخش حقیر
بھائی صاحب! آپ کا خط پہنچا۔
۳:۱۱۰۸

۲۲: فروری ۱۸۵۲ء۔ مرزا ہر گوپال تفتہ
شفیق با تحقیق منشی ہر گوپال تفتہ ہمیشہ سلامت رہیں۔
۱:۲۳۹۔۲۴۰

۲۳: ۲۲ مارچ۔ مرزا ہر گوپال تفتہ
بندہ پرور! " بیش از بیش " یہ ترکیب بہت فصیح ہے۔
۱:۲۴۲۔۲۴۴

۲۴: ـــ مارچ، مئی۔ عبدالحق
جناب عالی! یہ خط فتح پور سے آپ کے نام کا آیا ہے۔
۲:۷۳۷۔۷۳۸

۲۵: شنبہ، ۱۵ مئی۔ منشی نبی بخش حقیر
بھائی صاحب! آج ہفتے کا دن پندرھویں مئی کی صبح کا وقت ہے۔
۳:۱۱۰۸۔۱۱۰۹

۲۶: ۲۱ مئی۔ منشی نبی بخش حقیر
بھائی صاحب ! آگے اس سے دو خط تم کو بھیج چکا ہوں۔
۳:۱۱۰۹۔۱۱۱۲

۲۷: ۱۸ جون۔ مرزا ہر گوپال تفتہ
کاشانۂ دل کے ماہِ دو ہفتہ: منشی ہر گوپال تفتہ، تحریر میں کیا کیا سحر طرازیاں کرتے ہیں۔
۱:۲۴۴۔۲۴۵

۲۸: اگست، ستمبر ۱۸۵۲ء۔ منشی نبی بخش حقیر
بھائی صاحب! آپ کا خط آیا۔ پاکھل کے مربے کا پہنچنا معلوم ہوا۔
۳:۱۱۱۲۔۱۱۱۵

۲۹: جمعہ۔۱۹ نومبر۔منشی نبی بخش حقیر

بھائی صاحب! آپ کے دو خط آئے۔

۳:۱۱۱۵۔۱۱۱۷

۳۰: ۱۰ دسمبر۔مرزا ہر گوپال تفتہ

کل تمھارا خط آیا۔رازِ نہانی مجھ پر آشکارا ہوا۔

۱:۲۴۵۔۲۴۷

۳۱:۔۔دسمبر ۱۸۵۲ء۔مرزا ہر گوپال تفتہ

پرسوں تمھارا خط آیا۔حال جو معلوم تھا،وہ پھر معلوم ہوا۔

۱:۲۵۳۔۲۵۵

۳۲:۔۔۱۸۵۲ء۔۔مرزا ہر گوپال تفتہ

صاحب!دیکھو،پھر تم دنگا کرتے ہو۔

۱:۲۴۷۔۲۴۸

۳۳: ۔۔۱۸۵۲ء۔۔مرزا ہر گوپال تفتہ

واہ!کیا خوبیٔ قسمت ہے میری

۱:۲۴۸۔۲۵۱

۱۸۵۳ء

۳۴: ۔۔ جنوری۔ منشی نبی بخش حقیرؔ

بھائی! کئی دن ہوئے کہ آپ کا عطوفت نامہ پہنچا۔

۳:۱۱۱۸۔۱۱۱۹

۳۵: ۸ جنوری۔ منشی نبی بخش حقیرؔ

بھائی! مجھ کو تم سے بڑا تعجب ہے کہ اس بیت کے معنی میں تم کو تامل رہا۔

۳:۱۱۱۷۔۱۱۱۹

۳۶: ۲۵ فروری۔ مرزا ہر گوپال تفتہؔ

بھائی! پرسوں شام کو ڈاک کا ہرکارہ آیا اور ایک خط تمہارا اور ایک خط جانی جی کا لایا۔

۱:۲۵۱

۳۷: چارشنبہ، ۹ مارچ۔ منشی نبی بخش حقیرؔ

قبلہ معاف رکھیے گا۔ کئی دن کے بعد آپ کو خط لکھتا ہوں۔

۳:۱۱۱۹۔۱۱۲۰

۳۸: پنجشنبہ، ۱۷ مارچ۔ منشی نبی بخش حقیرؔ

لو بھائی، اب تو بی زکیہ ہمارے تمہارے برابر ہو گئیں۔

۳:۱۱۲۰۔۱۱۲۲

۳۹: ۲۸ مارچ۔ مرزا ہر گوپال تفتہ

بھائی! آج مجھ کو بڑی تشویش ہے اور یہ خط میں تم کو کمال سراسیمگی میں لکھتا ہوں۔

۱:۲۵۱۔۲۵۳

۴۰: شنبہ، ۴ اپریل۔ منشی نبی بخش حقیر

حضرت! عجب تماشا ہے۔ منشی ہر گوبند سنگھ کا اظہار تو یہ ہے کہ منشی صاحب تو میرے سامنے ہاترس سے ہو آئے۔

۳:۱۱۲۲۔۱۱۲۳

۴۱: ۶ اپریل۔ مرزا ہر گوپال تفتہ

آج منگل کے دن پانچویں اپریل کو تین گھڑی دن رہے ڈاک خانہ کا ہرکارہ آیا۔

۱:۲۵۴۔۲۵۵

۴۲: شنبہ، ۹ اپریل۔ منشی جواہر سنگھ جوہر

تمھارے خطوں سے تمھارا پہنچنا اور چھاپے کے قصیدے کا پہنچنا اور ہیرا سنگھ کا ادھر روانہ ہونا معلوم ہوا۔

۴:۱۴۳۹۔۱۴۴۰

۴۳: ۱۰ اپریل۔ منشی نبی بخش حقیر

بھائی صاحب! کیسی تاریخ اور کیسی نقل۔ کیا فرماتے ہو؟

۳:۱۱۲۳۔۱۱۲۴

۴۴: ۱۰ تا ۲۳ اپریل۔ منشی نبی بخش حقیر

بھائی! یہاں بادشاہ نے قلعے میں مشاعرہ مقرر کیا ہے۔

۳: ۱۱۲۴۔۱۱۲۸

۴۵: ۲۳ اپریل۔ منشی نبی بخش حقیر

بڑا تعجب ہے تم اس شعر کے معنی پوچھتے ہو۔

۳: ۱۱۲۸۔۱۱۲۹

۴۶: ۔۔اپریل ۱۸۵۲ء۔ مرزا ہر گوپال تفتہ

بھائی! ہاں میں نے "زبدۃ الاخبار" میں دیکھا کہ رانی صاحب مر گئیں۔

۱: ۲۵۵۔۲۵۶

۴۷: ۲۹ مئی۔ منشی نبی بخش حقیر

بھائی صاحب! آپ کا عنایت نامہ مقام ہاترس سے پہنچا۔

۳: ۱۱۲۹۔۱۱۳۰

۴۸: ۳۰ مئی۔ مرزا ہر گوپال تفتہ

بھائی! تم نے مجھے کو نساد و چار سو روپے کا نوکر یا پنسن دار قرار دیا ہے۔

۱: ۲۵۶۔۲۵۷

۴۹: ۱۴جون۔ مرزا ہر گوپال تفتہ

بھائی! جس دن تم کو خط بھیجا۔

۱: ۲۵۹۔ ۲۶۰

۵۰: ۵ جون۔ مرزا ہر گوپال تفتہ

عجب تماشا ہے، بابو صاحب لکھ چکے ہیں کہ ہر دیو سنگھ آگیا۔

۱: ۲۵۷۔ ۲۵۸

۵۱: ۹ جون۔ مرزا ہر گوپال تفتہ

تمھاری خیر و عافیت معلوم ہوئی۔ غزل نے محنت کم لی۔

۱: ۲۵۸۔ ۲۵۹

۵۲: چار شنبہ، ۲۲ جون۔ منشی نبی بخش حقیر

بھائی صاحب کا عنایت نامہ پہنچا۔

۳: ۱۱۳۰۔ ۱۱۳۱

۵۳: ۲۱ اگست۔ مرزا ہر گوپال تفتہ

بھائی! میں نے مانا تمھارا شاعری کو۔

۱: ۲۶۰

۵۴: ۲۱ اگست۔ منشی نبی بخش حقیرؔ

پیرومرشد! غلام کی کیا طاقت کہ آپ سے خفا ہو۔

۳:۱۱۳۱۔۱۱۳۲

۵۵: یکشنبہ، ۳ ستمبر۔ منشی نبی بخش حقیرؔ

بھائی صاحب! یہ شعر کس کا ہے:

۳:۱۱۳۲۔۱۱۳۴

۵۶: یکشنبہ، ۲ اکتوبر۔ منشی نبی بخش حقیرؔ

بھائی صاحب! تمھارا خط آیا اور حال جیت سنگھ کا معلوم ہوا۔

۳:۱۱۳۴۔۱۱۳۵

۵۷: پنجشنبہ، ۶ اکتوبر۔ منشی نبی بخش حقیرؔ

بھائی صاحب! یہ نئی طرز روش ہے کہ خط کی رسید تو نہیں لکھتے اور اُلٹا شکوہ کرتے ہو۔

۳:۱۱۳۵۔۱۱۳۶

۵۸: ۔۔۔ اکتوبر ۱۸۵۳ء۔ مرزا ہر گوپال تفتہؔ

میں تم کو خط بھیج چکا ہوں، پہنچا ہو گا۔

۱:۲۶۱

۵۹: دوشنبہ، ۷ نومبر۔ منشی نبی بخش حقیر

بھائی صاحب! یہ آپ کے دل میں کس نے شبہہ ڈال دیا؟

۳: ۱۱۳۷۔۱۱۳۸

۶۰: پنجشنبہ، ۲۲ دسمبر۔ منشی نبی بخش حقیر

بھائی صاحب! میں بھی تمھارا ہم درد ہو گیا۔

۳: ۱۱۳۸۔۱۱۴۰

۶۱: ۔۔ ۱۸۵۳ء۔ نواب انور الدولہ سعد الدین خاں بہادر شفق

قبلہ حاجات! قصیدہ دوبارہ پہنچا۔

۳: ۹۷۹۔۹۸۰

۶۲: ۔۔ ۱۸۵۳ء۔ سید بدر الدین احمد کاشف المعروف بہ فقیر

مخدوم و مکرم جناب فقیر صاحب کی خدمتِ عالی میں، عرض کیا جاتا ہے کہ بہت دن سے آپ نے مجھ کو یاد نہیں کیا۔

۳: ۱۰۴۱۔۱۰۴۲

۱۸۵۴ء

۶۳: ۱۳ جنوری۔ مرزا ہر گوپال تفتہ

"دید مست" یہ لفظ نیا بنایا ہے۔

۱: ۲۶۱

۶۴: دوشنبہ، ۳۱ جنوری۔ منشی نبی بخش حقیر

بھائی جان! تمھارا خط کہ جو شیخ رحمت اللہ صاحب کے ذریعے کے خط کے جواب میں تھا پہنچا۔

۳:۱۱۳۹۔۱۱۴۰

۶۵: ۲۳ فروری۔ مرزا ہرگوپال تفتہ

بندہ پرور! ایک مہربانی سکندر آباد سے اور ایک علی گڑھ سے پہنچا۔

۱:۲۶۲۔۲۶۳

۶۶: ۲۳ فروری۔ منشی نبی بخش حقیر

بھائی صاحب! میں نہیں جانتا تھا کہ تم کہاں ہو۔

۳:۱۱۴۰

۶۷: ۲ مارچ۔ مرزا ہرگوپال تفتہ

منشی صاحب! تمھارا خط اس دن یعنی کل بدھ کے دن پہنچا۔

۱:۲۶۳۔۲۶۴

۶۸: دوشنبہ، ۲۷ مارچ۔ منشی نبی بخش حقیر

بھائی صاحب! آپ کا خط آیا۔ حال لڑکے بالوں کا اور تمھارا معلوم ہوا۔

۳:۱۱۴۰۔۱۱۴۱

۶۹: ۔۔ مئی، جون۔۔ منشی نبی بخش حقیرؔ

بھائی صاحب! قصیدہ مدحیہ حضرت ولی عہد بہادر میں شین کی ضمیر مطلع سے لے کر دور تک بہ طرف معشوق کے راجع ہے۔

۳:۱۱۴۵۔۱۱۴۷

۷۰: یکشنبہ، ۴ جون۔ منشی نبی بخش حقیرؔ

بھائی صاحب! الحمدللہ کہ اور تو سب طرح خیر و عافیت ہے مگر گرمی کی وہ شدت ہے کہ عیاذاً باللہ۔

۳:۱۱۴۲۔۱۱۴۳

۷۱: ۱۹ جون ۔ منشی نبی بخش حقیرؔ

بھائی صاحب! کیا کہوں کہ کتنا ہنسا ہوں تمھاری اس بات پر کہ تو تو قطعہ یا رباعی کہہ کر الگ ہو گیا اور مجھ کو تیس روزے رکھنے پڑے۔

۳:۱۱۴۳

۷۲:۔۔ جون ۱۸۵۴ء۔۔ مرزا ہرگوپال تفتہؔ

مخدوم شفیق میرے لالہ ہرگوپال تفتہؔ میرا قصور معاف کریں۔

۱:۲۶۴۔۲۶۵

۷۳: ۔۔ جولائی ۱۸۵۴ء۔۔ منشی نبی بخش حقیرؔ

بھائی صاحب! یہ جو آپ نے لکھا کہ تیرے وہ اشعار سنے جاتے ہیں۔

۳:۱۱۴۷۔۱۱۴۹

۷۴:۔۔ جولائی ۱۸۵۴ء۔۔ مرزاہر گوپال تفتہ

میر اسلام پہنچے، خط اور کاغذ اشعار پہنچا۔

۲٦٥:۱

۷۵: ۱۱ اگست۔ منشی نبی بخش حقیر

بھائی صاحب! آپ کے عنایت نامے سے بھابھی صاحبہ کے مزاج کی ناسازی اور بچوں کی ناخوشی معلوم ہوئی۔

۱۱۵۰:۳

۷٦: سہ شنبہ، ۱۵ اگست۔۔ منشی نبی بخش حقیر

بھائی صاحب! پرسوں شام کو مرزا یوسف علی خاں شہر میں پہنچے۔

۱۱۵۱_۱۱۵۰:۳

۷۷: جمعہ، ۱۵ستمبر۔ منشی نبی بخش حقیر

بھائی صاحب کو بندگی پہنچے۔ یہاں کی عید کا ماجرا عرض کروں گا۔

۱۱۵۳_۱۱۵۱:۳

۷۸:چار شنبہ، ۳ اکتوبر۔۔ منشی نبی بخش حقیر

بھائی صاحب! جی چاہتا ہے باتیں کرنے کو، حق تعالیٰ عبدالسلام کی ماں کو شفا دے۔

۱۱۵۳:۳

۷۹: جمعہ، ۱۶ اکتوبر۔ منشی نبی بخش حقیرؔ
ہائے ہائے وہ نیک بخت نہ بچی۔
۳:۱۱۵۵

۸۰: ۱۵ اکتوبر۔ منشی نبی بخش حقیرؔ
بھائی صاحب! آپ کا خط آیا اور منشی عبداللطیف کی دختر بلند اختر کا اپنی پھپھیوں کے ساتھ اکبر آباد جانا معلوم ہوا۔
۳:۱۱۵۵

۸۱: یکشنبہ، ۵ نومبر۔ منشی نبی بخش حقیرؔ
آداب بجالاتا ہوں اور جا جم کا سلام کرتا ہوں۔
۳:۱۱۵۶۔۱۱۵۷

۸۲: پنجشنبہ، ۲۳ نومبر۔ منشی نبی بخش حقیرؔ
بھائی صاحب! السلام علیکم۔ حق تعالیٰ تم کو اور تمہارے بچوں کو سلامت رکھے۔
۳:۱۱۵۷

۸۳: ۸ دسمبر۔ منشی نبی بخش حقیرؔ
بھائی صاحب! خدا کے واسطے ماجرا کیا ہے۔
۳:۱۱۵۷۔۱۱۵۸

۸۴: یکشنبہ، ۳۱ دسمبر۔ منشی نبی بخش حقیرؔ
خدا کے واسطے رسول کے واسطے، منشی عبداللطیف کی خیر و عافیت لکھو۔
۳:۱۱۵۸

۸۵: ۔۔ ۱۸۵۴ء۔ قاضی عبدالجمیل جنون بریلوی
مخدوم و مکرم و معظم جناب مولوی عبدالجمیل کی خدمت میں......
۴:۱۴۹۰۔۱۴۹۱

۱۸۵۵ء

۸۶: ۔۔ ۱۸۵۵ء۔ قبل ۱۸۵۵ء۔ مرزا ہر گوپال تفتہ
تمھارا خط پہنچا۔ مجھ کو بہت رنج ہوا۔
۱:۲۶۶

۸۷: ۳ جنوری۔ سید بدر الدین احمد کاشف المعروف بہ فقیر
حضرت مخدوم و مکرم و معظم جناب فقیر صاحب دامت برکاتہم۔
۳:۱۰۴۲۔۱۰۴۳

۸۸: پنجشنبہ، ۸ مارچ۔ منشی نبی بخش حقیر
بھائی صاحب کا عنایت نامہ پہنچا۔ میرا خط لکھنا تغافل و تساہل سے نہ تھا۔
۳:۱۱۵۸۔۱۱۵۹

۸۹: اپریل، مئی ۱۸۵۵ء۔ مرزا ہر گوپال تفتہ
صاحب! دیباچہ و تقریظ کا لکھنا ایسا آسان نہیں ہے کہ جیسا تم کو دیوان کا لکھ لینا۔
۱:۲۶۵۔۲۶۶

۹۰: ۱۹ مئی۔ منشی نبی بخش حقیر
پیر و مرشد! مجھ پر عتاب کیوں ہے۔
۳:۱۱۶۰

۹۱: ۲۵ مئی۔ منشی نبی بخش حقیر
بھائی صاحب! کہیے کیا گرمی پڑتی ہے اور کیوں کر گزرتی ہے۔
۳:۱۱۶۱۔۱۱۶۲

۹۲: ۳جون۔ منشی نبی بخش حقیر
لو صاحب اور تماشا سنو، آپ مجھ کو سمجھاتے ہیں کہ تفتہ کو آزردہ نہ کرو۔
۳:۱۱۶۲۔۱۱۶۳

۹۳:۔۔ جمعہ، جون ۱۸۵۵ء۔ منشی نبی بخش حقیر
الحمد للہ کہ حرارت صومی اور حرارت یومی باہم رفع ہو گئیں۔
۳:۱۱۶۳۔۱۱۶۴

۹۴: ۵جولائی۔ منشی نبی بخش حقیر
بھائی جان! منشی عبداللطیف کی شادی پہلے اس پر پھر اس کے والدین پر اور اس کی بہنوں پر اور بھائیوں پر مبارک ہو۔
۳:۱۱۶۴۔۱۱۶۵

۹۵: ۲۶جولائی۔ منشی نبی بخش حقیر
بھائی صاحب! مینہ کا یہ عالم ہے کہ جدھر دیکھیے اُدھر دریا ہے۔
۳:۱۱۶۵

۹۶: ۴ اگست۔ منشی نبی بخش حقیر
عیاذاً باللہ۔ ماجرا یہ سخت ہے منشی عبداللطیف کہاں اور میرٹھ کہاں۔
۳:۱۱۶۵۔۱۱۶۰

۹۷: ۱۶ستمبر۔ منشی نبی بخش حقیر
حضرت! بہت دن سے حال تمھارا اور بچوں کا اور خصوصاً منشی عبداللطیف کا معلوم نہیں۔
۳:۱۱۶۶

۹۸: دوشنبہ، ۲۴ ستمبر۔۔ منشی نبی بخش حقیر
پیرومرشد! بات کو بھی سمجھتے ہو یایوں ہی شکوہ کرنے کو موجود ہو جاتے ہو۔
۳: ۱۱۶۷۔۱۱۶۸

۹۹: ۳ اکتوبر۔۔ منشی نبی بخش حقیر
بھائی! تمھارا غصہ میرے سر آنکھوں پر۔
۳: ۱۱۶۸۔۱۱۶۹

۱۰۰: پنجشنبہ، ۴ اکتوبر۔۔ نواب انورالدولہ شفق
کیوں کر کہوں کہ میں دیوانہ نہیں ہوں۔
۳: ۹۸۰۔۹۸۲

۱۰۱: پنجشنبہ، ۴ اکتوبر۔۔ نواب انورالدولہ شفق
لِلہ الشکر کہ پیرومرشد کا مزاج اقدس بخیر و عافیت ہے۔
۳: ۹۸۲۔۹۸۳

۱۰۲: سہ شنبہ، ۹ اکتوبر۔۔ منشی نبی بخش حقیر
بھائی صاحب! کئی خط اِس عرصے میں تم کو لکھے۔ مگر جو لکھنا تھا وہ بھول گیا۔
۳: ۱۱۶۹۔۱۱۷۰

۱۰۳: سہ شنبہ، ۲۰ نومبر۔ قاضی عبدالجلیل جنون بریلوی
قبلہ! آپ کو خط پہنچنے میں تردد کیوں ہوتا ہے؟
۴: ۱۴۹۲۔۱۴۹۳

۱۰۴: ۱۸۵۵ء۔۔ منشی نبی بخش حقیر
یاالٰہی کس کس پر رشک کروں۔
۳: ۱۱۷۰۔۱۱۷۱

۱۰۴:۔ اواخراپریل ۱۸۵۶ء۔ نواب یوسف مرزا
کوئی ہے؟ ذرا یوسف مرزا کو بلائیو۔ لو صاحب وہ آئے۔
۲:۷۶۷

۱۰۵:۔ ۴جون۔۔ منشی نبی بخش حقیؔر
بندگی عرض کرتا ہوں۔ یہاں آج بدھ کا دن تیسری جون کی شہر کے حساب سے انتیس رمضان کی ہے۔
۳:۱۱۷۱۔۱۱۷۲

۱۰۶: ۲۹جون۔۔ نواب انورالدولہ شفقؔ
پیرومرشد! یہ خط لکھنا نہیں ہے باتیں کرنی ہیں۔
۳:۹۸۴

۱۰۷: یکشنبہ، ۲۷جولائی۔۔ منشی نبی بخش حقیؔر
بھائی صاحب! شکر ہے خدا کا تمھاری خیر و عافیت معلوم ہوئی۔
۳:۱۱۷۲۔۱۱۷۳

۱۰۸: سہ شنبہ، ۵ اگست۔۔ منشی نبی بخش حقیؔر
بھائی صاحب! یک شنبے کا لکھا ہوا خط پرسوں دوشنبے کا یہاں پہنچا۔
۳:۱۱۷۴۔۱۱۷۵

۱۰۹: چار شنبہ، ۲۰ اگست۔۔ منشی نبی بخش حقیؔر
بھائی صاحب! خط کے نہ پہنچنے کی شکایت کیا معنی۔
۳:۱۱۷۳۔۱۱۷۴

۱۱۰: ۶ نومبر۔ شاہ عالم
مخدوم زادہ مرتضوی نژادکو فقیر غالب علی شاہ کی دعا پہنچے۔
۳: ۱۰۲۷۔۱۰۲۸

۱۱۱: چار شنبہ، ۹ دسمبر۔ منشی نبی بخش حقیر
بھائی صاحب کو سلام اور حسن تمام شادی کی اور مع الخیر معاودت کی مبارکباد
۳: ۱۱۷۵

۱۱۲: ۱۰ نومبر۔ نواب انور الدولہ شفق
قبلہ و کعبہ! وہ عنایت نامہ جس میں حضرت نے مزاج کی شکایت لکھی تھی۔
۳: ۹۸۴۔۹۸۵

۱۸۵۷ء

۱۱۳: قبل ۱۸۵۷ء۔ سید غلام حسنین قدر بلگرامی

حضرت! میں نے چاہا کہ حکم بجالاؤں۔
۴: ۱۴۱۶۔۱۴۱۸

۱۱۴: ۱۵ فروری۔ نواب یوسف علی خاں ناظم
حضرت ولی نعمت آیۂ رحمت۔ سلامت۔ آداب بجالاتا ہوں۔ غزلوں کے مسودات کو صاف کر کر......
۳: ۱۱۷۹

۱۱۵: ۲۳ فروری۔ سید غلام حسنین قدر بلگرامی
بندہ پرور! آپ کے عنایت نامے کے آنے سے تین طرح کی خوشی مجھ کو حاصل ہوئی۔
۴: ۱۴۱۵۔۱۴۱۶

۱۱۶: پنجشنبہ، ۲۳ اپریل۔۔یوسف علی خاں ناظم

جناب عالی۔ کچھ کم مہینا ہوا کہ میں نے حضور کی غزلوں کو دیکھ کر خدمت میں روانہ کیا ہے۔

۳: ۱۱۷۹۔۱۱۸۰

۱۱۷: ۲۷ جولائی۔۔یوسف علی خاں ناظم

جناب عالی! آداب بجالاتا ہوں اور عرض کرتا ہوں کہ اجورہ دار پہنچا۔

۳: ۱۱۸۰۔۱۱۸۱

۱۱۸: ۵ دسمبر۔۔مرزا ہرگوپال تفتہ

صاحب! تم جانتے ہو کہ یہ معاملہ کیا ہے اور کیا واقع ہوا۔

۱: ۲۶۶۔۲۶۸

۱۱۹: دوشنبہ، ۲۱ دسمبر۔۔حکیم غلام نجف خاں

میاں حقیقتِ حال اس سے زیادہ نہیں ہے کہ اب تک جیتا ہوں۔

۲: ۶۲۳

۱۲۰: شنبہ، ۲۶ دسمبر۔۔حکیم غلام نجف خاں

میاں! تمھارا خط پہنچا۔

۲: ۶۲۳: ۶۲۴

۱۸۵۸ء

۱۲۱: سہ شنبہ، ۱۹ جنوری۔۔حکیم غلام نجف خاں

سعادت اقبال نشان حکیم غلام نجف خاں طال بقاءہ۔

۲: ۶۲۴

۱۲۲: ۲۱ جنوری۔ مرزا ہر گوپال تفتہ

بھائی! میں نے دلّی کو چھوڑا اور رام پور کو چلا۔

۱:۳۱۸

۱۲۳: ۳۰ جنوری۔ مرزا ہر گوپال تفتہ

آج سنیچر بار کو دو پہر کے وقت ڈاک کا ہر کارہ آیا۔

۱:۲۶۸۔۲۶۹

۱۲۴: جنوری۔ بابو ہر گوبند سہائے نشاط

تم کو دعا کہتا ہوں اور دعا دیتا بھی ہوں۔

۲:۸۳۴

۱۲۵: چار شنبہ، ۳ فروری۔ مرزا ہر گوپال تفتہ

از عمر و دولت بر خوردار باشند۔

۱:۲۶۹

۱۲۶: یکشنبہ، ۷ فروری۔ میر مہدی مجروح

میاں! آج یک شنبے کا دن، ساتویں فروری کی اور شاید بائیسویں جمادی الثانی کی ہے۔

۲:۴۹۱۔۴۹۲

۱۲۷: دو شنبہ، ۸ فروری۔ مرزا شہاب الدین احمد ثاقب

بھائی! تمھارا خط حکیم محمود خاں صاحب کے آدمی کے ہاتھ پہنچا۔

۲:۶۹۳

۱۲۸: فروری، مارچ ۱۸۵۸ء۔ حکیم غلام نجف خاں

بھائی! تمھارے رقعے کا جواب پہلے تم کو شیر زماں خاں نے دیا ہو گا۔

۲:۶۲۷

۱۲۹: قبل مارچ ۱۸۵۸ء۔ چودھری عبدالغفور سرور
میرے کرم فرما، میرے شفیق۔
۲:۵۷۶

۱۳۰: ۵ مارچ۔ مرزا ہرگوپال تفتہ
صاحب! تم نے لکھا تھا کہ میں جلد آگرے جاؤں گا۔
۱:۲۷۰

۱۳۱: ۶ مارچ۔ مرزا ہرگوپال تفتہ
جانِ من و جانانِ من! کل میں نے تم کو سکندر آباد میں سمجھ کر خط بھیجا۔
۱:۲۷۰۔۲۷۱

۱۳۲: ۱۲ مارچ۔ مرزا ہرگوپال تفتہ
صاحب! تمھاری سعادت مندی کو ہزار ہزار آفریں۔
۱:۲۷۱۔۲۷۲

۱۳۳: چہار شنبہ، ۲۵ مارچ۔ نواب زین العابدین خاں بہادر عرف کلن میاں
بندہ پرور! مہربانی نامہ پہنچا۔ میں تو سمجھا تھا، آپ مجھ کو بھول گئے۔
۴:۱۵۸۳۔۱۵۸۴ء

۱۳۴: یکشنبہ، ۲۷ مارچ۔ یوسف علی خاں ناظم
حضرت ولی نعمت آیۂ رحمت، سلامت۔ میں اس دولتِ ابدمدت کا ازراہِ مودت خیر خواہ ہوں۔
۳:۱۱۸۳

۱۳۵: مارچ۔۔ مرزا شہاب الدین احمد خاں ثاقب
بھائی شہاب الدین خاں، واسطے خدا کے یہ تم نے اور حکیم نجف خاں نے میرے دیوان کا کیا حال کر دیا ہے۔
۲: ۶۹۴

۱۳۶: مارچ یا اپریل ۱۸۵۸ء۔۔ چودھری عبدالغفور سرور
چودھری صاحب شفیقِ مکرم کی خدمت میں بعد ارسال سلام مسنون عرض کرتا ہوں۔
۲: ۵۷۷،۵۷۹

۱۳۷: پنجشنبہ، یکم اپریل۔۔ حکیم غلام نجف خاں
میاں! تم کو مبارک ہو کہ حکیم صاحب پر سے وہ سپاہی جو اُن کے اوپر متعین تھا، اُٹھ گیا۔
۲: ۶۲۵

۱۳۸: یکشنبہ، ۱۲ اپریل۔۔ مرزا شہاب الدین احمد خاں ثاقب
بھائی! تمھارا خط پہنچا۔ کوئی مطلب جواب طلب نہیں تھا۔
۲: ۶۹۴۔۶۹۵

۱۳۹: ۱۲ اپریل۔۔ مرزا ہر گوپال تفتہ
صاحب! کیوں مجھے یاد کیا۔ کیوں خط لکھنے کی تکلیف اُٹھائی۔
۱: ۲۷۳

۱۴۰: چہار شنبہ، ۲۱ اپریل۔۔ میر مہدی مجروح
صاحب! دو خط تمھارے بہ سبیل ڈاک آئے۔
۲: ۴۹۲۔۴۹۳

۱۴۱: یکشنبہ ۲۵ اپریل۔۔مرزا ہر گوپال تفتہ
عجب اتفاق ہوا، پنجشنبے کے دن بائیس اپریل کو کلیان خط ڈاک میں ڈال کر آیا۔
جلد۱: ۲۷۳۔۲۷۴

۱۴۲: ۳۰ اپریل۔۔مرزا ہر گوپال تفتہ
صاحب ! پچیس اپریل کو ایک خط اور ایک پارسل ڈاک میں ارسال کر چکا ہوں۔
۱: ۲۷۴۔۲۷۵

۱۴۳: اپریل۔۔میر مہدی مجروح
کیوں یار، کیا کہتے ہو؟
۲: ۴۹۳۔۴۹۴

۱۴۴: اپریل یا مئی۔۔چودھری عبدالغفور سرور
بندہ پرور! مہربانی نامہ آیا۔ سر پر رکھا، آنکھوں سے لگایا۔
۲: ۵۷۹۔۵۸۴

---

۱۴۵ : ۱۱ مئی۔۔علاء الدین خاں علائی
آج بدھ کے دن ستائیس رمضان کو پہر دن چڑھے کہ جس وقت میں کھانا کھا کر باہر آیا تھا۔
۱: ۳۶۴۔۳۶۵

---

۱۴۶ : ۲۴ مئی۔۔مرزا ہر گوپال تفتہ
بھائی !وہ خط پہلا تم کو بھیج چکا تھا کہ بیمار ہو گیا۔
۱: ۲۷۵۔۲۷۶

---

۱۴۷ : ۱۹ جون۔۔مرزا ہر گوپال تفتہ
کیوں صاحب! مجھ سے کیوں خفا ہو؟
۲۷۶۔۲۷۷

۱۴۸: ۲۶ جون۔۔ مرزا ہر گوپال تفتہ
جیتے رہو اور خوش رہو۔
۱:۲۷۷۔۲۷۸

۱۴۹: جون، جولائی ۱۸۵۸ء۔۔ مرزا ہر گوپال تفتہ
رکھیو غالب مجھے اس تلخ نوائی میں معاف
۱:۲۸۰۔۲۸۱

---

۱۵۰ : اوائلِ جولائی ۱۸۵۸ء۔۔ مرزا حاتم علی مہر
بہت سہی غم گیتی۔ شراب کیا کم ہے!
۲:۷۰۰۔۷۰۱

۱۵۱: یکشنبہ، ۱۸ جولائی۔۔ منشی شیو نرائن آرام
گمانِ زیست بود بر منت ز بے دردی۔
۳:۱۰۴۸۔۱۰۴۹

۱۵۲: ۱۸ جولائی۔۔ مرزا ہر گوپال تفتہ
مرزا تفتہ کو دعا پہنچے۔ بہت دن سے خط کیوں نہیں لکھا؟
۱:۲۷۸۔۲۷۹

۱۵۳: ۲۸ جولائی۔۔ مرزا ہر گوپال تفتہ
مرزا تفتہ! کل قریب دوپہر کے ڈاک کا ہر کارہ، وہ جو خط بانٹا کرتا ہے آیا۔
۱:۲۷۹

۱۵۴: یکشنبہ، ۸ اگست۔۔ میر مہدی مجروح
خوبیِ دین و دنیا روزی باد
۲:۴۹۴۔۴۹۵

۱۵۵: ۱۷ اگست۔ مرزا ہرگوپال تفتہ

مرزا تفتہ! تمھارے اوراقِ مثنوی کا پمفلٹ پاکٹ پرسوں پندرہ اگست کو

۱:۲۸۱۔۲۸۳

۱۵۶: ۲۳ اگست۔ مرزا ہرگوپال تفتہ

صاحب! عجب اتفاق ہے۔ آج صبح کو ایک خط تم کو اور ایک خط، جاگیر کے گاؤں کی تہنیت میں اپنے شفیق کو ڈاک میں بھیج چکا تھا۔

۱:۲۸۳۔۲۸۴

۱۵۷: ۲۳ اگست۔ علاالدین خاں علائی

خاک نمناکم وتو بادِ بہار

۱:۳۶۵۔۳۶۶

۱۵۸: ۲۸ اگست۔ مرزا ہرگوپال تفتہ

نورِ نظر و لختِ جگر مرزا تفتہ! تم کو معلوم رہے کہ راے صاحب مکرم و معظم۔ الخ

۱:۲۸۴۔۲۸۵

۱۵۹: سہ شنبہ، ۳۱ اگست۔ منشی شیو نرائن آرام

شفیق میرے، مکرم میرے، منشی شیو نرائن صاحب،

۳:۱۰۵۱۔۱۰۵۲

۱۶۰: اگست تا نومبر۔ نواب انور الدولہ شفق

حضرت پیر و مرشد! اگر آج میرے سب دوست و عزیز یہاں فراہم ہوتے

۳:۹۸۵۔۹۸۶

۱۶۱: اگست ۱۸۵۸ء۔ حکیم غلام نجف خاں
بھائی! ہاں غلام فخر الدین خاں کی رہائی، زندگی دوبارہ ہے۔
۲: ۶۲۷۔۶۲۸

۱۶۲: اگست۔ میر مہدی مجروحؔ
بھائی! تم تو لڑکوں کی سی باتیں کرتے ہو۔
۲: ۴۹۵۔۴۹۶

۱۶۳: اگست۔ مرزا ہر گوپال تفتہؔ
بھائی! تمھارا وہ خط، جس میں اوراقِ مثنوی ملفوف تھے۔
۱: ۲۸۵۔۲۸۶

۱۶۴: یکم ستمبر۔ مرزا ہر گوپال تفتہؔ
صاحب! عجب تماشا ہے۔ تمھارے کہنے سے منشی شیو نرائن صاحب کو خط لکھا تھا۔
۱: ۲۸۶۔۲۸۸

۱۶۵: ۳ ستمبر۔ مرزا ہر گوپال تفتہؔ
لِلّٰہ الشکر، تمھارا خط آیا اور دلِ سودا زدہ نے آرام پایا۔
۱: ۲۸۸۔۲۹۰

۱۶۶: جمعہ، ۳ ستمبر۔ منشی شیو نرائن آرامؔ
مہاراج! سخت حیرت میں ہوں کہ منشی ہر گوپال صاحب نے مجھ کو خط لکھنا کیوں چھوڑا۔
۳: ۱۰۵۲۔۱۰۵۴

۱۶۷: ۳۔۶ ستمبر۔ مرزا ہر گوپال تفتہؔ
مرزا تفتہؔ کو دعا پہنچے۔ دونوں فقرے جس محل پر بتائے ہیں۔
۱: ۲۹۰۔۲۹۱

۱۶۸: ۷ ستمبر۔ مرزا ہر گوپال تفتہ
مشفق میرے، کرم فرما میرے! تمھارا خط اور تین دو ورقے چھاپے کے پہنچے۔
۱:۲۹۱۔۲۹۳

۱۶۹: ۱۶ ستمبر۔ مرزا ہر گوپال تفتہ
اچھا میرا بھائی "نہیب" والے دو و شقے چار سو ہوں، پانسو ہوں۔ سب بدلوا ڈالنا۔
۱:۲۹۳۔۲۹۴

۱۷۰: ۱۷ ستمبر۔ مرزا ہر گوپال تفتہ
بھائی! مجھ میں تم میں نامہ نگاری کا ہے کو ہے، مکالمہ ہے۔
۱:۲۹۵۔۲۹۶

۱۷۱: دو شنبہ، ۲۰ ستمبر۔ حاتم علی مہر
بھائی صاحب! از روے تحریر مرزا تفتہ آپ کا چھے کتابوں کی طرف متوجہ ہونا معلوم ہوا۔
۲:۷۰۲۔۷۰۳

۱۷۲: ۲۰ ستمبر۔ مرزا ہر گوپال تفتہ
بھائی! آج صبح کو بہ سبب حکیم صاحب کے تقاضے، شکوہ آمیز خط جناب مرزا صاحب کی خدمت میں لکھ کر بھیجا۔
۱:۲۹۶۔۲۹۷

۱۷۳: سہ شنبہ، ۲۱ ستمبر۔ مرزا حاتم علی مہر
مرا بہ سادہ دلیہاے من تواں بخشید
۲:۷۰۳۔۷۰۴

۱۷۴: ۲۱ ستمبر۔ مرزا ہر گوپال تفتہ
صاحب! قصیدے کے چھاپے جانے کی بشارت صاحبِ مطبع نے مجھ کو بھی دی ہے۔
۱:۲۷۹۔۲۹۹

۱۷۵: چار شنبہ، ۲۲ ستمبر۔ منشی نبی بخش حقیر
بھائی صاحب! آپ کا عنایت نامہ پہنچا۔ حال معلوم ہوا۔
۳:۱۱۷۶۔۱۱۷۷

۱۷۶: ۲۹ ستمبر۔ مرزا حاتم علی مہر
بھائی صاحب! خدا تم کو دولت و اقبال روز افزوں عطا کرے۔
۲:۷۰۵۔۷۰۶

۱۷۷: ۔۔ ستمبر ۱۸۵۸ء۔ منشی شیو نرائن آرام
نورِ بصر، لختِ جگر، منشی شیو نرائن کو دعا پہنچے۔
۳:۱۰۵۵۔۱۰۵۶

۱۷۸: ۔۔ ستمبر ۱۸۵۸ء۔ مرزا حاتم علی مہر
بندہ پرور! آپ کا مہربانی نامہ آیا۔
۲:۷۰۶۔۷۰۷

۱۷۹: ۔۔ ستمبر ۱۸۵۸ء۔ حکیم غلام نجف خاں
قبلہ! یہ تو معلوم ہوا کہ بعد قتل ہونے دس آدمی کے، کہ وہ اس میں عزیز بھی تھے۔
۲:۶۲۸

۱۸۰: ۔۔ ستمبر ۱۸۵۱ تا مارچ۔ منشی نبی بخش حقیر
بھائی صاحب! آپ کا خط پہنچا۔
۳:۱۱۰۸

۱۸۱: پنجشنبہ، ۷ اکتوبر ۱۸۵۸ء۔ میر مہدی مجروحؔ
میاں! تم کو پنسن کی کیا جلدی ہے؟
۲:۴۹۶۔۴۹۷

۱۸۲: ۱۶ اکتوبر۔ مرزا ہر گوپال تفتہؔ
کیوں صاحب، اس کا کیا سبب ہے کہ بہت دن سے ہماری آپ کی ملاقات نہیں ہوئی۔
۱:۲۹۹۔۳۰۱

۱۸۳: ۱۹ اکتوبر۔ منشی شیو نرائن آرامؔ
برخوردار نور چشم، منشی شیو نرائن آرام کو معلوم ہو کہ میں کیا جانتا تھا کہ تم کون ہو۔
۳:۱۰۵۴۔۱۰۵۵

۱۸۴: ۲۳ اکتوبر۔ منشی شیو نرائن آرامؔ
برخوردار اقبال نشان منشی شیو نرائن کو بعد دعا کے معلوم ہو
۳:۱۰۵۶۔۱۰۵۷

۱۸۵:۔۔ اکتوبر ۱۸۵۸ء۔ منشی شیو نرائن آرامؔ
برخوردار کامگار کو بعد دعا کے معلوم ہو کہ "دستنبو" کے آغاز کی عبارت از روے احتیاط دوبار ارسال کی ہے۔
۳:۱۰۵۷۔۱۰۵۸

۱۸۶:۔۔ اکتوبر ۱۸۵۸ء۔۔ مرزا حاتم علی مہرؔ
بھائی صاحب! آپ کے خامۂ مشکبار کی صریر نے کتابوں کی لوح طلائی کا آوازہ یہاں تک پہنچایا۔
۲:۷۰۷۔۷۰۹

۱۸۷: ۔ اکتوبر ۱۸۵۸ء۔ میر مہدی مجروحؔ
سید صاحب! تمھارے خط کے آنے سے وہ خوشی ہوئی، جو کسی دوست کے دیکھنے سے ہو۔
۲: ۴۹۷۔۴۹۸

۱۸۸: اوائل نومبر ۱۸۵۸ء۔ مرزا حاتم علی مہرؔ
مرزا صاحب! میں نے وہ اندازِ تحریر ایجاد کیا کہ مراسلے کو مکالمہ بنادیا ہے۔
۲: ۷۱۰۔۷۱۱

۱۸۹: اوائل نومبر ۱۸۵۸ء۔ مرزا حاتم علی مہرؔ
بھائی صاحب! مطبع میں سے سادہ کتابیں یقین ہے کہ آج کل پہنچ جائیں۔
۲: ۷۰۹

۱۹۰: ۳ نومبر۔ مرزا ہر گوپال تفتہؔ
اللہ اللہ، ہم توکول سے تمھارے خط کے آنے کے منتظر تھے۔
۱: ۳۰۱

۱۹۱: جمعہ، ۵ نومبر۔ نواب انور الدولہ شفقؔ
پیر و مرشد! ایک نوازش نامہ آیا اور "دستنبو" کے پہنچنے کا مژدہ پایا
۳: ۹۸۶۔۹۸۸

۱۹۲: یکشنبہ، ۷ نومبر۔ یوسف علی خاں ناظمؔ
حضرت ولی نعمت آیۂ رحمت۔ سلامت۔ منشور عطوفت کے دیکھنے سے زندگی کی صورت نظر آئی۔
۳: ۱۱۸۱۔۱۱۸۲

۱۹۴: دوشنبہ، ۹ نومبر۔ میر افضل علی عرف میرن صاحب
سعادت واقبال نشان، میر افضل علی صاحب المعروف بہ میرن صاحب! خدا تم کو سلامت رکھے۔
۲:۹۱۔۹۲ے

۱۹۵: ۹ نومبر۔ منشی شیو نرائن آرام
میاں! تمھارے کمال کا حال معلوم کر کے میں بہت خوش ہوا۔
۳:۱۰۶۰۔۱۰۶۱

۱۹۶: شنبہ، ۱۴ نومبر۔ منشی شیو نرائن آرام
برخوردار کارگار منشی شیو نرائن طالعمرہ وزاد قدرہ۔
۳:۱۰۶۱۔۱۰۶۲

۱۹۷: شنبہ، ۱۳ نومبر۔ مرزا حاتم علی مہر
تینتیس کتابیں بھیجی ہوئی برخوردار منشی شیو نرائن کی۔
۲:۱۱ے۔۱۲ے

۱۹۸: ۱۳ نومبر۔ مرزا ہرگوپال تفتہ
کیوں صاحب! کیا یہ آئین جاری ہوا ہے کہ سکندر آباد کے رہنے والے دلّی کے خاک نشینوں کو خط نہ لکھیں۔
۱:۳۰۱۔۳۰۲

۱۹۹: ۷ نومبر۔ یوسف علی خاں ناظم
حضرت ولی نعمت آیۂ رحمت، سلامت۔ جو آپ بن مانگے دیں، اس کے لینے میں مجھے انکار نہیں اور جب مجھ کو حاجت آپڑے تو آپ سے مانگنے میں عار نہیں۔
۳:۱۸۲

۲۰۰: پنجشنبہ، ۱۸ نومبر۔ منشی شیو نرائن آرامؔ
صاحب! تمھارا خط آیا، دل خوش ہوا۔
۳:۱۰۶۲

۲۰۱: پنجشنبہ، ۱۸ نومبر۔ چودھری عبدالغفور سرورؔ
بندہ پرور! آپ کا تفقد نامہ محررۂ پندرہ نومبر، آج پنجشنبے کے دن اٹھارہ نومبر کو یہاں پہنچا۔
۲:۵۸۴۔۵۸۵

۲۰۲: ۱۸ نومبر۔ مرزا ہرگوپال تفتہؔ
آج پنجشنبے کے دن اٹھارہ نومبر کو خط آیا اور میں آج ہی جواب لکھتا ہوں۔
۱:۳۰۲۔۳۰۳

۲۰۳: ۲۰ نومبر۔ منشی شیو نرائن آرامؔ
برخوردار اقبال نشان کو دعا پہنچے۔
۳:۱۰۶۲۔۱۰۶۳

۲۰۴: ۲۰ نومبر۔ مرزا حاتم علی مہرؔ
بھائی جان! کل جو جمعہ روز مبارک و سعید تھا، گویا میرے حق میں روز عید تھا۔
۲:۷۱۲۔۷۱۳

۲۰۵: ۲۰ نومبر۔ مرزا ہرگوپال تفتہؔ
برخوردار! تمھارا خط پہنچا۔ اصلاحی غزل کی رسید معلوم ہوئی۔
۱:۳۰۳۔۳۰۴

۲۰۶: ۲۷ نومبر۔ مرزا ہر گوپال تفتہؔ
میرزا تفتہ تمھارا خط آیا۔ فقیر کو حقیر کا حال معلوم ہوا۔
۱: ۳۰۴۔۳۰۵

۲۰۷: سہ شنبہ، ۳۰ نومبر۔ منشی شیو نرائن آرامؔ
صاحب تم کندھولی سے کب آئے؟
۳: ۱۰۶۳

۲۰۸: اواخر نومبر۔ مرزا حاتم علی مہرؔ
بندہ پرور! آپ کا خط کل پہنچا، آج جواب لکھتا ہوں۔
۲: ۱۳۷۔۱۶ا،

۲۰۹: ۔۔ نومبر۔ میر مہدی مجروحؔ
بھائی! ایک خط تمھارا پہلے پہنچا۔
۲: ۴۹۹

۲۱۰: یکم دسمبر۔ چودھری عبدالغفور سرورؔ
جناب چودھری صاحب! آپ کا عنایت نامہ اُس وقت پہنچا اور یہ وقت صبح کا ہے۔
۲: ۵۸۶

۲۱۱: اوائل دسمبر۔ غلام غوث خاں بےخبرؔ
قبلہ! اس نامۂ مختصر نے وہ کیا جو پارۂ ابر کشت خشک سے کرے۔
۲: ۶۴۰۔۶۴۱

۲۱۲: پنجشنبہ، ۲دسمبر۔غلام غوث خاں بے خبر
پیرومرشد! یہ خط ہے یا کرامت!
۲: ۶۳۹۔۶۴۰

۲۱۳: جمعہ، ۳دسمبر۔یوسف علی خاں ناظم
حضرت ولی نعمت آیۂ رحمت، سلامت۔ بعد آداب بجالانے کے عرض کرتا ہوں کہ منشور رافت لکھاہوا پچیس نومبر کا، جمعے کے دن......
۳: ۱۱۸۲۔۱۱۸۳

۲۱۴: دوشنبہ، ۶دسمبر۔منشی عبداللطیف
صاحب آگے تمھاراایک خط، پھر بارہ کتابوں اور ایک جنتری کا پارسل پہنچا۔
۳: ۱۰۴۶۔۱۰۴۷

۲۱۵: شنبہ، ۱۱دسمبر۔منشی شیونرائن آرام
صاحب! تم خط کے نہ بھیجنے سے گھبرارہے ہوگے۔
۳: ۱۰۶۴۔۱۰۶۵

۲۱۶: چہارشنبہ، ۱۵دسمبر۔منشی شیونرائن آرام
بھائی! یہ بات تو کچھ نہیں کہ تم خط کا جواب نہیں لکھتے۔
۳: ۱۰۶۵: ۱۰۶۶

۲۱۷: شنبہ، ۱۸دسمبر۔منشی شیونرائن آرام
برخوردار! آج اس وقت تمھارا خط مع لفافوں کے لفافہ آیا۔
۳: ۱۰۶۶۔۱۰۶۷

۲۱۸: ۱۹ دسمبر۔ مرزا ہرگوپال تفتہ
صاحب! تمھارا خط آیا۔ میں نے اپنے سب مطالب کا جواب پایا۔
۱:۳۰۵۔۳۰۷

۲۱۹: دوشنبہ، ۲۰ دسمبر۔ مرزا حاتم علی مہر
خدا کا شکر بجا لاتا ہوں کہ آپ کو اپنی طرف متوجہ پاتا ہوں۔
۲:۷۱۶۔۷۱۸

۲۲۰: بدھ، ۲۲ دسمبر۔ میر مہدی مجروح
واہ واہ، سید صاحب! تم تو بڑی عبارت آرائیاں کرنے لگے۔
۲:۴۰۹ تا ۵۰۱

۲۲۱: ۲۷ دسمبر۔ مرزا ہرگوپال تفتہ
کیوں صاحب! روٹھے ہی رہو گے یا کبھی منو گے بھی؟
۱:۳۰۷

۲۲۲: چار شنبہ، ۲۹ دسمبر۔ بابو ہرگوبند سہائے نشاط
برخوردار بہت دن ہوئے کہ میں نے تم کو خط لکھا ہے۔
۲:۸۳۳

۲۲۳: ـــ اواخرِ دسمبر۔ غلام غوث خاں بے خبر
قبلۂ حاجات! عطوفت نامے کے آنے سے آپ کا بھی شکر گزار ہوا۔
۲:۶۴۱

۲۲۴:۔۔۱۸۵۸ء۔ علاؤالدین خاں علائی
مرزا نسیمی کو دعا پہنچے۔
۱: ۳۶۳۔۳۶۴

۲۲۵:۔۔۱۸۵۸ا: حکیم غلام نجف خاں
بھائی! ہوش میں آؤ۔
۲: ۶۲۴۔۶۲۵

۲۲۶:۔۔۱۸۵۸ء۔ حکیم غلام نجف خاں
بھائی! میرا دُکھ سنو۔ ہر شخص کو غم موافق اس کی طبیعت کے ہوتا ہے۔
۲: ۶۲۶۔۶۲۷

۲۲۷:۔۔۱۸۵۸ء۔ منشی شیو نرائن آرام
صاحب! خط پہنچا، اخبارہ لفافہ پہنچا۔
۳: ۱۰۴۹۔۱۰۵۱

۲۲۸: ۔۔۱۸۵۸ء۔ عزیزالدین
صاحب! کیسی صاحبزادوں کی سی باتیں کرتے ہو۔ دلّی کو ویسا ہی آباد جانتے ہو، جیسے آگے تھی۔
۴: ۱۴۴۴

۱۸۵۹ء

۲۲۹: ۳ جنوری۔ مرزا ہر گوپال تفتہ
دیکھو صاحب! یہ باتیں ہم کو پسند نہیں۔
۱: ۳۰۷۔۳۰۸

۲۳۰: ۳ جنوری۔ غلام غوث خاں بے خبر
جناب عالی! آج دوشنبہ ۳ جنوری ۱۸۵۹ء کی ہے۔
۲: ۶۴۲۔۶۴۳

۲۳۱: سہ شنبہ، ۴ جنوری۔ منشی شیو نرائن آرام
اب ایک امر خاص کو سمجھو۔
۳: ۱۰۶۷۔۱۰۶۹

۲۳۲: ۵ جنوری۔ مہاراجہ سردار سنگھ والی بیکانیر
بحضور وافر السرور، جناب سری مہاراجا صاحب، والا مناقب، عالی شان، قلزم فیض
احسان، دام اقبالہ وزاد افضالہ۔
۲: ۷۵۰۔۷۵۲

۲۳۳: شنبہ، ۱۵ جنوری۔ منشی شیو نرائن آرام
پرسوں اور کل دو ملاقاتیں جناب آرنلڈ صاحب بہادر سے ہوئیں۔
۳: ۱۰۶۹

۲۳۴: دوشنبہ، ۱۷ جنوری۔ منشی شیو نرائن آرام
بھائی! میں تم کو اطلاع دیتا ہوں۔
۳: ۱۰۶۹۔۱۰۷۰

۲۳۵: ۲۶ جنوری۔ مرزا ہرگوپال تفتہ
صاحب! تمھارا خط مع رقعہ مردِ سخن فہم پہنچا۔
۱: ۳۰۵

۲۳۶: ۳۰ جنوری۔ مرزا ہر گوپال تفتہؔ
صاحب! میرٹھ سے آکر تم کو خط لکھ چکا ہوں۔
۱:۳۰۹

۲۳۷: ۳۰ جنوری۔ غلام غوث خاں بے خبرؔ
قبلہ! کبھی آپ کو یہ بھی خیال آتا ہے۔
۲:۶۴۳۔۶۴۴

۲۳۸: بدھ، ۲ فروری۔ میر مہدی مجروحؔ
سید صاحب! نہ تم مجرم نہ میں گنہگار۔
۲:۵۰۱۔۵۰۲

۲۳۹: ۱۹ فروری۔ مرزا ہر گوپال تفتہؔ
صاحب! تم تو اچھے خاصے عارف ہو۔
۱:۳۱۰

۲۴۰: ۲۷ فروری۔ مرزا ہر گوپال تفتہؔ
صاحب! تمھارا خط آیا، دل خوش ہوا۔
۱:۳۱۱

۲۴۱: ۔۔ فروری ۱۸۵۹ء۔ میر مہدی مجروحؔ
میاں! کیوں تعجب کرتے ہو یوسف مرزا کے خطوط کے نہ آنے سے۔
۲:۵۰۴۔۵۰۵

۲۴۲: ۔۔۔ فروری ۱۸۵۹ء۔ میر مہدی مجروحؔ
میری جان! خدا تجھ کو ایک سو بیس برس کی عمر دے۔
۲: ۵۰۲۔۵۰۳

۲۴۳: ۔۔۔ فروری ۱۸۵۹ء۔ غلام غوث خاں بے خبرؔ
قبلہ حاجات! قطعے میں جو حضرت نے الہام درج کیا ہے وہ تو ایک لطیفہ بہ سبیلِ دعا ہے۔
۲: ۶۴۴۔۶۴۵

۲۴۴: دوشنبہ، ہفتم مارچ۔ میر مہدی مجروحؔ
میر مہدی! جیتے رہو۔ آفریں، صد ہزار آفریں۔
۲: ۵۰۶۔۵۰۷

۲۴۵: چہار شنبہ، ۹ مارچ۔ محمد نعیم الحق آزاد
پیر و مرشد کیا حکم ہوتا ہے۔
۲: ۷۲۵۔۷۲۷

۲۴۶: ۲۷ مارچ۔ مرزا ہر گوپال تفتہؔ
کیوں مرزا تفتہؔ، تم بے وفایا میں گنہ گار؟
۱: ۳۱۱۔۳۱۲

۲۴۷: ۲۷ مارچ۔ میر مہدی مجروحؔ
سید! خدا کی پناہ! عبارت لکھنے کا ڈھنگ ہاتھ کیا آیا ہے۔
۲: ۵۰۷۔۵۰۸

۲۴۸:۔۔مارچ ۱۸۵۹ء۔میر مہدی مجروحؔ
میری جان! اسنو داستان۔
۲:۵۰۵۔۵۰۶

۲۴۹:۔۔مارچ ۱۸۵۹ء۔چودھری عبدالغفور سرورؔ
جناب چودھری صاحب کی خدمت میں سلام عرض کرتا ہوں، اور شکر احسان بجالاتا ہوں۔
۲:۵۸۶۔۵۸۹

۲۵۰:۔۔مارچ ۱۸۵۹ء۔چودھری عبدالغفور سرورؔ
جناب چودھری صاحب! آپ کو بعد ابلاغ سلام آپ کے خط کے پہنچنے سے آگہی دیتا ہوں۔
۲:۵۸۹۔۵۹۳

۲۵۱:۔۔مارچ یا اپریل ۱۸۵۹ء۔چودھری عبدالغفور سرورؔ
چودھری صاحب مشفق مکرم کو میرا سلام۔ آپ کا خط کہ سوائے چند سطر کے جو تم نے لکھی تھیں۔
۲:۵۹۳۔۵۹۶

۲۵۲:دوشنبہ، ۱۰ اپریل۔یوسف علی خاں ناظمؔ
حضرت ولی نعمت آیۂ رحمت۔ سلامت۔ بعد تسلیم کے عرض کرتا ہوں۔ آج دوشنبے کا دن ۱۴ رمضان المبارک کی اور ۱۸ اپریل کی صبح کے وقت ڈاک کا ہرکارہ آیا۔
۳:۱۱۸۴۔۱۱۸۵

۲۵۳:۱۷ اپریل۔یوسف علی خاں ناظمؔ
حضرت ولی نعمت آیۂ رحمت۔ ایک خط مشتمل اپنے حال پر اور ایک خط جناب بیگم صاحبہ و قبلۂ مغفور کی تعزیت میں روانہ کر چکا ہوں۔
۳:۱۱۸۴

۲۵۴: سہ شنبہ، ۱۹ اپریل۔ منشی شیونرائن آرامؔ
صاحب! میں ہندی غزل بھیجوں کہاں سے؟۔
۳: ۱۰۷۰۔۱۰۷۱

۲۵۵: چار شنبہ، ۲۶ اپریل۔ منشی شیونرائن آرامؔ
بھائی! حاشا ثم آشا، اگر یہ غزل میری ہو۔
۳: ۱۰۷۲۔ ۱۰۷۳

۲۵۶: جمعہ، ۲۹ اپریل۔ قاضی عبدالجلیل جنونؔ بریلوی
پیر و مرشد! فقیر ہمیشہ آپ کی خدمت گزاری میں حاضر اور غیر قاصر رہا ہے۔
۴: ۱۴۹۳۔۱۴۹۵

۲۵۷: ۔۔ اپریل ۱۸۵۹ء۔ میر مہدی مجروحؔ
مار ڈالا یار تیری جواب طلبی نے۔
۲: ۵۰۸۔۔۵۱

۲۵۸: اواخر اپریل۔ مرزا حاتم علی مہرؔ
شرط اسلام بود ورزش ایمان بالغیب۔
۲: ۷۱۹۔۷۲۰

۲۵۹: ۔۔ اپریل ۱۸۵۹ء۔ مرزا حاتم علی مہرؔ
جناب مرزا صاحب! دلّی کا حال تو یہ ہے۔
۲: ۷۲۰۔۷۲۱

۲۶۰:۔۔ اپریل ۱۸۵۹ء۔ صاحب عالم مارہروی
می کنم عرض کو تمکر رباش
۳: ۱۰۱۷۔۱۰۱۸

۲۶۱: اپریل ۱۸۵۹ء۔۔ مرزا حاتم علی مہرؔ
بھائی صاحب تمھارا خط اور قصیدہ پہنچا۔
۲: ۷۱۸۔۷۱۹

۲۶۲:۔۔ مئی یا جون ۱۸۵۹ء۔ چودھری عبدالغفور سرورؔ
جناب چودھری کی یاد آوری اور مہر گستری کا شکر بجالاتا ہوں۔
۲: ۵۹۶۔۵۹۷

۲۶۳: ۵ جون۔ مرزا ہر گوپال تفتہؔ
صاحب! آج تمھارا خط صبح کو آیا۔ میں دوپہر کو جواب لکھتا ہوں۔
۱: ۳۱۲۔۳۱۳

۲۶۴: ۱۷ جون۔ مرزا ہر گوپال تفتہؔ
صاحب! ہم تمھارے اخبار نویس ہیں اور تم کو خبر دیتے ہیں کہ برخوردار میر بادشاہ آئے۔
۱: ۳۱۳۔۳۱۴

۲۶۵: شنبہ، ۱۸ جون۔ نواب حسین مرزا
جناب نواب صاحب! شکوہ کرنا سہل ہے۔
۲: ۶۷۳۔۶۷۵

۲۶۶: ۲۹جون۔ مرزاہر گوپال تفتہ
صاحب! ایک خط تمھارا پرسوں آیا۔ اس میں مندرج کہ میں میرٹھ جاؤں گا۔
۱: ۳۱۴۔۳۱۵

۲۶۷: ۔۔جون، جولائی ۱۸۵۹ء۔ نواب یوسف مرزا
اے میری جان اے میری آنکھیں۔
۲: ۷۶۷۔۷۶۹

۲۶۸: ۔۔جون ۱۸۵۹ء۔ چودھری عبدالغفور سرور
شفیق مکرم، مظہر لطف و کرم۔
۲: ۵۹۷۔۵۹۸

۲۶۹: چار شنبہ، ۶ جولائی۔ میر افضل علی عرف میرن صاحب
برخوردار کامگار میر افضل علی عرف میرن صاحب طالعمرہ۔
۲: ۷۹۲

۲۷۰: چہار شنبہ، ۶ جولائی۔ میر مہدی مجروح
برخوردار کامگار میر مہدی! قطعہ تم نے دیکھا۔
۲: ۵۱۰۔۵۱۱

۲۷۱: ۔۔۔ جمعہ، ۱۵ جولائی۔ نواب یوسف مرزا
میری جان، خدا نگہبان،
۲: ۷۶۹۔۷۷۱

۲۷۲: سہ شنبہ، ۲۰ جولائی۔ منشی شیو نرائن آرام
برخوردار نور چشم منشی شیو نرائن کو دعا پہنچے۔
۳: ۱۰۷۵

۲۷۳: شنبہ، ۲۳ جولائی۔ منشی شیو نرائن آرام
برخوردار کو بعد دعا کے معلوم ہو، تمھارا خط پہنچا۔
۳:۱۰۷۶

۲۷۴: ۲۸ جولائی۔ نواب یوسف مرزا
میاں! پرسوں قریبِ شام میاں مرزا آغا جانی صاحب آئے۔
۲: ۷۷۱۔ ۷۷۳

۲۷۵: پنجشنبہ، ۲۸ جولائی۔ نواب حسین مرزا
یا حسین ابن حیدر، روحی فداک
۲: ۶۷۶۔ ۶۷۷

۲۷۶: ــــ اپریل ۱۸۵۹ء۔ مرزا حاتم علی مہر
بھائی صاحب! تمھارا خط اور قصیدہ پہنچا۔
۲: ۷۱۸۔ ۷۱۹

۲۷۷: ــــ جولائی یا اگست ۱۸۵۹ء۔ چودھری عبدالغفور سرور
شفیق میرے، عنایت فرما میرے۔
۲: ۵۹۸۔ ۵۹۹

۲۷۸: ــــ جولائی یا اگست ۱۸۵۹ء۔ چودھری عبدالغفور سرور
میرے شفیقِ دلی، چودھری عبدالغفور صاحب کو خدا سلامت رکھے۔ دیکھو میرے حواس کا اب یہ عالم ہو گیا ہے کہ تمھارے نام کی جگہ تمھارے چچا صاحب کا نام لکھتا تھا۔
۲: ۵۹۹۔ ۶۰۰

۲۷۹: چار شنبہ، ۱۷ اگست۔ منشی شیونرائن آرام
میاں، یہ کیا معاملہ ہے؟
۳:۱۰۷۶۔۱۰۷۷

۲۸۰: پنجشنبہ، ۱۸ اگست۔ نواب یوسف مرزا
حق تعالیٰ تمھیں عمر و دولت و اقبال و عزت دے۔
۲:۷۷۳۔۷۷۴

۲۸۱: یکشنبہ، ۲۸ اگست۔ قاضی عبدالجمیل جنوں بریلوی
